Cambridge Assessment International Education

# Cambridge International A Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **October/November 2020**

**2 hours 30 minutes**

*2841124536*

You must answer on the answer booklet/paper.

You will need: Answer booklet/paper

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

**INSTRUCTIONS**
- Answer **three** questions in total in **Urdu**, each on a different text:
  - Answer **at least one question** from Section 1.
  - Answer **at least one question** from Section 2.
  - Answer **one other question** from **either** Section 1 **or** Section 2.
- If you have been given an answer booklet, follow the instructions on the front cover of the answer booklet.
- Use a black or dark blue pen. Do **not** use an erasable pen or correction fluid.
- Write your name, centre number and candidate number on all the work you hand in.
- Dictionaries are **not** allowed.
- At the end of the examination, fasten all your work together. Do **not** use staples, paper clips or glue.

**INFORMATION**
- The total mark for this paper is 75.
- Each question is worth 25 marks.

**ہدایات**
- کل **تین** سوالوں کے جواب **اردو** میں دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے :
  - **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 1 سے لکھیے۔
  - **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 2 سے لکھیے۔
  - اس کے علاوہ **ایک اور سوال** کا جواب حصہ 1 **یا** حصہ 2 سے لکھیے۔
- اگر آپ کو جوابی پرچہ مہیا کیا گیا ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت** کریں۔
- اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی پرچے پر لکھیے۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔
- امتحان کے آخر میں تمام جوابی پرچوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیجیے۔ اسٹیپل، پیپر کلپ یا گوند استعمال **مت** کریں۔

**معلومات**
- اس پرچے کے لیے کل مارکس 75 ہیں۔
- ہر سوال کے 25 مارکس ہیں۔

This document has **8** pages. Blank pages are indicated.


© UCLES 2020

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔ آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
اپنے منتخب کیے ہوئے سوالوں کے نمبر واضح طور پر انگریزی میں لکھیے۔

## پہلا حصہ

**1** غزلیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

آگے اس متکبر کے ہم خدا خدا کیا کرتے ہیں
کب موجود خدا کو وہ مغرور خود آرا جانے ہے

عاشق سا تو سادہ کوئی اور نہ ہوگا دنیا میں
جی کے زیاں کو عشق میں اس کے اپنا وارا جانے ہے

چارہ گری بیماری دل کی رسم شہر حسن نہیں
ورنہ دلبر ناداں بھی اس درد کا چارا جانے ہے

عاشق تو مردہ ہے ہمیشہ جی اٹھتا ہے دیکھ اسے
یار کے آجانے کو یکایک عمر دوبارا جانے ہے

(میر)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** میر تقی میر کی شاعری میں محبوب کی بے وفائی اور اس کی لاپرواہی کا تذکرہ کثرت سے پایا جاتا ہے۔ مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

یا

**(b)** نصاب میں شامل میر درد کی غزلوں میں تصوف کا رنگ کس حد تک نمایاں ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

2 نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

(a)

دبے گی کب تلک آواز آدم ، ہم بھی دیکھیں گے
رکیں گے کب تلک جذبات برہم، ہم بھی دیکھیں گے
چلو یونہی سہی یہ جور پیہم ، ہم بھی دیکھیں گے
درزنداں سے دیکھیں ، یا عروج دار سے دیکھیں
تمہیں رسوا سر بازار عالم ، ہم بھی دیکھیں گے
ذرا دم لو، مآل شوکت جم ، ہم بھی دیکھیں گے
بہ زعم قوت فولاد و آہن ، دیکھ لو تم بھی
بہ فیض جذبہ ایمان محکم ، ہم بھی دیکھیں گے
جبین کج کلاہی خاک پر خم ، ہم بھی دیکھیں گے (ساحر)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) مندرجہ بالا نظم موجودہ دور کی کس حد تک عکاسی کرتی ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

یا

(b) آپ کے خیال میں نصاب میں شامل نظیر کی تینوں نظموں میں کون سی بات مشترک ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

**3** نظمیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

ساری ہے بے ربط کہانی دھندلے دھندلے ہیں اوراق
کہاں ہیں وہ سب جن سے جب تھی پل بھر کی دوری بھی شاق
کہیں کوئی ناسور نہیں، گو حائل ہے برسوں کا فراق
کرم فراموشی نے دیکھو چاٹ لیے کتنے میثاق
وہ بھی ہم کو رو بیٹھے ہیں، چلو ہوا قرضہ بے باق
کھلی تو آخر بات اثر کی اس آباد خرابے میں
دیکھو ہم نے کیسے بسر کی اس آباد خرابے میں
خواب تھے اک دن اوج زمیں سے کاہکشاں کو چھو لیں گے
کھیلیں گے گل رنگ شفق سے، قوس قزح میں جھولیں گے
باد بہاری بن کے چلیں گے، سرسوں بن کر پھولیں گے
خوشیوں کے رنگیں جھرمٹ میں رنج و محن سب بھولیں گے
داغ گل و غنچہ کے بدلے مہکی ہوئی خوشبو لیں گے (اختر الایمان)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا نظم عام آدمی کی زندگی کی مشکلات کی عکاسی کرتی ہے۔ تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** جوش نے سیاست کے ساتھ ساتھ غربت و افلاس جیسے اہم اقتصادی مسائل پر بھی قلم اٹھایا ہے۔ نصاب میں شامل جوش کی نظموں کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

## دوسرا حصہ

**4** **امراؤجان ادا، مرزا رسوا**

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

(a) ناول امراؤجان ادا میں مصنف نے بڑی خوبصورتی سے حقیقت کا رنگ بھر دیا ہے۔ تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) کیا کسی طوائف کی محبت بھی سچی ہو سکتی ہے؟ ناول امراؤجان ادا کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

**5** **افسانے**

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

(a) کیا آپ کے خیال میں افسانہ مہالکشمی کا پل امیروں کے خلاف لکھا ہوا افسانہ ہے؟ اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

یا

(b) مشرقی معاشرے میں صرف عورتوں کو قربانیاں دینی پڑتی ہیں۔ نصاب میں شامل کسی **ایک** افسانے کے حوالے سے بحث کیجیے۔

**6** **انارکلی، امتیاز علی تاج**

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

(a) امتیاز علی تاج نے اپنی اس لاجواب کہانی میں ایک کمزور بادشاہ کی عکاسی کی ہے۔ بحث کیجیے۔

یا

(b) کیا دلآرام کو انارکلی کی خاطر اپنی محبت قربان کر دینی چاہیے تھی؟ ڈرامہ انارکلی کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

© UCLES 2020

**BLANK PAGE**

© UCLES 2020 

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which itself is a department of the University of Cambridge.